عمرے کی ادائیگی کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو حکم؟

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1494

تاریخ اجراء: 17 شعبان المعظم 1445 ھ / 28 فروری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عمرہ کے دوران کسی رکن میں وضو ٹوٹ جائے، تو کیا کرے، جیسا کہ طواف کعبہ میں یا سعی میں ؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

بغیر وضو کے طواف کرنا جائز نہیں ہے، لہذا دورانِ طواف وضو ٹوٹ جانے پر دوبارہ وضو کرنا ہو گا۔ اگر چار سے کم چکر لگائے تھے کہ وضو ٹوٹ گیا اور وضو کرنے چلے گئے، تو اس صورت میں آپ کو اختیار ہو گا کہ واپس آ کر اُسی پہلے طواف پر بِنا کریں یعنی جتنے پھیرے رہ گئے تھے صرف وہی کر لیں گے، تو طواف پورا ہو جائے گا، نئے سرے سے شروع کرنا ضروری نہیں، البتہ یہ بھی اختیار ہے کہ نئے سرے سے شروع کریں، اس میں بھی کوئی حرج نہیں اور اس صورت میں اُس پہلے طواف کو پورا کرنا ضروری نہیں۔ البتہ اگر چار یا زیادہ پھیرے کر لیے تھے، تو اب وضو کے بعد واپس آ کر نئے سرے سے نہیں کر سکتے، جہاں سے چھوڑا تھا وہیں سے کرنا ہو گا۔ بِنا کی صورت میں حجرِ اسود سے شروع کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ جہاں سے چھوڑا تھا، وہیں سے شروع کرے۔ سعی کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو بغیر وضو بھی سعی مکمل کی جا سکتی ہے کیونکہ سعی کیلئے وضو ضروری نہیں۔

طواف کے دوران وضو کرنے چلا جائے، تو واپس آ کر طواف پر بِنا کر سکتا ہے یا نہیں اس سے متعلق بہار شریعت میں درمختار اور ردالمحتار کے حوالے سے ہے: ”طواف کرتے کرتے نمازِ جنازہ یا نمازِ فرض یا نیا وضو کرنے کے لیے چلا گیا، تو واپس آ کر اُسی پہلے طواف پر بِنا کرے یعنی جتنے پھیرے رہ گئے ہوں، انہیں کر لے طواف پورا ہو جائے گا، سرے سے شروع کرنے کی ضرورت نہیں اور سرے سے کیا جب بھی حرج نہیں اور اس صورت میں اس پہلے کو پورا کرنا ضرور نہیں اور بِنا کی صورت میں جہاں سے چھوڑا تھا، وہیں سے شروع کرے حجرِ اسود سے شروع کرنے کی ضرورت

نہیں۔ یہ سب اس وقت ہے جب کہ پہلے چار پھیرے سے کم کیے تھے اور اگر چار پھیرے یا زیادہ کیے تھے، تو بِنا ہی کرے۔" (بھارشریعت، جلد1، صفحہ1101، 1100، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اسی میں ہے: "صفا و مروہ کے درمیان سعی کے لیے وضو کر لینا سنّت ہے۔" (بھارشریعت، جلد1، صفحہ302، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net